© rasailojaraid.com



جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب و روز

## دارالعلوم حقانیہ کی نئی عظیم الشان زیرتعمیر جامع مسجد شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ کی غیر رسمی افتتاحی تقریب کی رپورٹ:

الحمدللہ مورخہ ۶ اپریل ۲۰۱۳ء بروز ہفتہ صبح ساڑھے نو بجے کو مسجد کیلئے مختص نئے پلاٹ میں باقاعدہ کھدائی کی تقریب منعقد ہوئی۔ یہ تقریب ہنگامی نوعیت کی تھی' کوئی تیاری اور دعوت نامہ اس سلسلے میں تیار نہیں کیا گیا تھا۔ صرف دارالعلوم کے تمام مشائخ' علماء' اساتذہ کرام' انتظامیہ' طلباء کرام اس موقع پر جمع تھے۔ سب سے پہلے دارالحفظ کے سینکڑوں طلباء نے پلاٹ میں سورہ یسین اور قرآن کی مختلف سورتوں کی تلاوت سے آغاز کیا۔ پھر بعد میں اساتذہ کرام کی موجودگی میں شعبہ حفظ کے طالبعلم نے سورہ بقرہ کی آیات وَ اِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَ اِسْمٰعِيْلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ رَبَّنَا وَ اجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِنَا اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَ اَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَ تُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ الخ تلاوت کی۔ پھر مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے مسجد کی نئی تعمیر کے حوالے سے چند افتتاحی کلمات فرمائے:

نحمده ونصلى على رسوله الكريم واذا يرفع ابراهيم القواعد من البيت واسماعيل الخ

قابل احترام اساتذہ کرام وطلباء عظام!

یہ تقریباً ایک ہنگامی نوعیت کی تقریب ہے' بہت وقت سے یہ تمنا تھی جیسے کہ دارالعلوم کی شان ہے' اس کے شایان شان ایک عظیم الشان مسجد بھی ہو' کئی سالوں سے یہی تمنا اور پروگرام ہے لیکن کل امر مرهون باوقاتہ جو وقت اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا ہے' اسی وقت ہوگا۔ بنیادی بات یہ ہے کہ وسائل نہیں ہیں اور اس پر کروڑوں روپے لگتے ہیں۔ ۵ سال پہلے یہ تخمینہ لاگت ۱۰ کروڑ تھی مگر اب مہنگائی کی وجہ سے ۳۰ کروڑ تک پہنچ گیا۔ وسائل کی کمیابی کی وجہ سے دارالعلوم کے اخراجات بمشکل پورے ہوتے ہیں' لہٰذا ایسے حالات میں مسجد کی تعمیر کارے دارد...... لیکن ہمارا عقیدہ ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا گھر ہے وہ ہی اسے بنائے گا' ہم سے مزید انتظار نہ ہوسکا اور توکل کر کے کام شروع کرنے کا ارادہ کرلیا۔ ہماری تو صرف کوشش ہے باقی اللہ تعالیٰ کی مرضی' السعی منا والاتمام علی اللہ تعالیٰ چونکہ یہ مسجد شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ کے نام نامی سے موسوم ہے' ان شاء اللہ حضرت شیخ الحدیث اور دارالعلوم حقانیہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ [illegible] کہ کیا ہوگا...... تو رات کو خواب



© rasailojaraid.com